آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کبھی تیزی سے تلاوت نہیں فرمائی۔

یاد رہے کہ ظہر۔ مغرب اور عشا میں فرائض کے بعد دیر کرنا مکروہ ہے۔ چاہیئے کہ مختصر دعا کے بعد سنّت کے لئے کھڑا ہو جائے۔ ہاں جن نمازوں میں فرضوں کے بعد سُنّتیں نہیں ہیں وہاں قبلہ رُو دیر تک بیٹھے رہنے میں حرج نہیں۔

سبق ۷۳

قرآنِ حکیم

آیت کریمہ ۴ (بنی اسرائیل ۱۷ : ۸۲)

اور ہم قرآن میں اتارتے ہیں	وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ
جو شفا	مَا هُوَ شِفَاءٌ
اور رحمت ہے	وَّرَحْمَةٌ
ایمان والوں کے لئے	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

قرآنِ حکیم کے علوم اور دلائل طاغوتی اور شیطانی ظلمتوں کو اپنے انوار سے نابود کر دیتے ہیں۔ اس سے امراض ظاہرہ اور باطنہ دُور ہوتے ہیں۔ لوگ ضلالت اور جہالت سے نجات پاتے ہیں۔ باطل عقیدوں اور رذیل اخلاق سے پاک ہوتے ہیں۔ معارفِ الٰہیہ اور صفاتِ حمیدہ اور اخلاقِ فاضلہ سے متصف ہوتے ہیں۔

اس کا ایک ایک حرف برکت کا خزینہ اور سعادت کا زینہ ہے۔

Marfat.com

حکیم الاُمّت علامہ اقبال نے کیا خوب فرمایا ہے :

آں کتابِ زندہ قرآنِ حکیم
حکمتِ او لایزال است وقدیم
نسخۂ اسرارِ تکوینِ حیات
بے ثبات از آتشِ گردِ ثبات

سبق ۷

قرآنِ کریم کے حقوق

(۱)
تعظیم و تکریم

اسے نہ چھوئیں مگر باوضو — لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ
(۵۶ : ۷۹)

(۲)
تدبّر۔ و فکر

تو کیا وہ قرآن کو سوچتے نہیں — اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ
کیا ان کے دلوں پر ان کے قفل لگے ہیں — اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا
(۴۷ : ۲۴)

Marfat.com

(۳)

اتباع پیروی

دگو جو تم پر تمہارے رب کے ہاں سے نازل ہوا ہے اس کی پیروی کرو۔

اِتَّبِعُوْا مَا اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ

(۳:۷)

(۴)

تلاوت کرنے سے پہلے اعوذ پڑھیے

جب قرآن پڑھنا چاہیں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریں۔

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

(النحل ۱۶: ۹۸)

(۵)

قرآنِ کریم کو خوب صاف صاف پڑھیں

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا

(المزمل ۷۳: ۴)

(۶)

جب قرآن پڑھا جائے خاموشی سے سُنو

جب قرآن پڑھا جائے تو اُس کی طرف کان لگاؤ اور چپ رہو تاکہ تم پر رحم ہو۔

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○

(الاعراف ۷: ۲۰۴)

Marfat.com

سبق ۷۵

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ (الرعد ۱۳ : ۲۲، ۲۳، ۲۴)

تین آیات

ارشاد ہے :

اور جنہوں نے صبر کیا	وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ
اپنے رب کی رضا چاہنے کو	وَجْهِ رَبِّهِمْ
اور نماز قائم رکھی	وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ
اور ہمارے دیئے ہوئے سے	وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
ہماری راہ میں کچھ خرچ کیا	
چھپے اور ظاہر	سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً

(نوافل کا چھپانا اور فرائض کا ظاہر کرنا افضل ہے۔ ظاہر کرنے سے مقصود نمود و نمائش نہیں۔ دوسروں کو نیکی کی ترغیب ہے)

اور فرماتے ہیں :

	وَيَدْرَءُوْنَ
برائی کے بدلے بھلائی کر کے ٹالتے ہیں	بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ

(بدکلامی کا جواب شیریں سخن سے دیتے ہیں۔ جو انہیں محروم کرتا ہے اس پر عطا کرتے ہیں۔ جو ان پر ظلم کرتا ہے۔ اسے معاف کرتے ہیں جو ان سے کٹتا ہے اس سے ملتے ہیں

۔ ناجائز کام دیکھتے ہیں تو جائز کی تلقین کرتے ہیں جہل

Marfat.com

کے بدلے حلم۔ ایذا کے بدلے صبر سے کام لیتے ہیں)

انہی کے لئے پچھلے گھر کا نفع ہے	اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝٢٢
بسنے کے باغ	جَنّٰتُ عَدْنٍ
جن میں وہ داخل ہوں گے	يَدْخُلُوْنَهَا
اور جو لائق ہوں ان کے باپ دادا	وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ
اور بیبیوں اور اولادیں	وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ
اور فرشتے آئیں گے	وَالْمَلٰٓئِكَةُ
ان پر ہر دروازے سے	يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِنْ كُلِّ
یہ کہتے ہوئے	بَابٍ ۝٢٣
سلامتی ہو تم پر	سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ
تمہارے صبر کا بدلہ	بِمَا صَبَرْتُمْ
تو پچھلا گھر کیا ہی خوب ملا	فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝٢٤

(الرعد ۱۳: ۲۲: ۲۴)

سبق ۷۶

سورۃ الانعام (۶: ۵۴)

تحیّۃ و سلام

باری تعالےٰ کا ارشاد ہے:

جب تمہارے پاس ایسے لوگ	وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ

Marfat.com

آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے ہیں — يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا
تو ان سے سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ کہا کرو — فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ
تمہارے رب نے اپنی ذات — كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ
پر رحمت کو لازم کر لیا ہے — الرَّحْمَةَ لا

(اپنے فضل و کرم سے رحمت کا وعدہ فرمایا ہے)

اللہ کریم کی طرف سے سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ کا کلمۂ استقبال بہت بڑا انعام و اکرام ہے

اور یہ صلہ ہے:

۱- صبر کا

۲- صوم و صلوٰۃ کا

۳- ادائے زکوٰۃ و صدقہ کا

۴- حُسنِ اخلاق کا

اِن اعمالِ صالحہ کی ترغیب کو ہر آن تازہ اور زندہ رکھنے کیلئے اللہ کریم نے سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ کو اُمت مسلم کے لئے کلمۂ استقبال قرار دے دیا۔

حکم ہے کہ جب اور جتنی بار ایک مسلمان دوسرے سے ملے السّلامُ علیکم کہے۔ اس کلمۂ استقبال کے پسِ منظر میں اُن اعمالِ صالحہ کی ترغیب ہر دم تازہ ہے جن کا صلہ یہ مبارک کلمۂ خطاب ہے۔

نظامِ سلام کا مفصّل بیان باب نظامِ اسلام اور اس کے استحکام میں ملاحظہ فرمایئے۔

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

(مثال)

كَلِمَةً طَيِّبَةً

یاکیزہ بات کی

كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ

جیسے پاکیزہ درخت

اَصْلُهَا ثَابِتٌ

جس کی جڑ قائم

وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ۝

اور شاخیں آسمان میں

(اِبْرَاهِيْم ۱۴ : ۲۴)

(کلمۂ توحید مقبول بارگاہِ الٰہی ہے۔ اس کی برکات ہمیشہ اور ہر آن حاصل ہوتی رہتی ہیں)

Marfat.com

یہ کتاب

یہ کتاب مختصر اسباق کا مجموعہ ہے جو جلدی اور آسانی سے پڑھے اور پڑھائے جا سکتے ہیں۔

میں اپنی اِس کاوش کو قوم و ملت کے نوجوانوں کے نام معنون کرتا ہوں جن کے ہاتھوں میں مستقبل کی باگ ڈور ہے۔ اللہ کریم ہم سب کو رفتار۔ گفتار اور کردار میں سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پاک پر چلنے کی توفیق عطاء فرمائے۔

دینی ذوق میں نے اپنے آباؤ اجداد سے ورثہ میں پایا۔ اللہ تعالیٰ انہیں غریقِ رحمت کرے۔ اللہ کرے کہ میری اولاد اور میرے شاگرد میرے تبلیغی مشن کو اور آگے بڑھائیں۔ اس سلسلہ میں مجھے اپنی بیٹی عزیزہ ثریا ایم۔ ایڈ۔ عزیزہ روبینہ ایم بی بی ایس۔ بھتیجے فاروق کمال۔ ایم اے فارمیسی۔ برخوردار پیر محمد علی ایم۔ ایس۔ سی۔ ایم۔ ایڈ۔ بے بی عابدہ بیٹی یاسمین ایم۔ اے سے بہت اُمیدیں وابستہ ہیں۔ میرے نواسے اور پوتے عالمِ بچپن میں ہیں۔ اللہ انہیں سلامت رکھے اور دین کا ذوق دے۔ عزیزی عثمان سعید کو مطالعہ کا بہت شوق ہے۔ اس کا ذہن اسلامی ہے۔ اللہ کریم اُسے خاندانی روایات کو برقرار رکھنے کی توفیق عطاء فرمائے۔

میں ضعیف ہوں۔ معذور ہوں حقیقی سہارا اس قادرِ قدیر کا ہے جو رب العلمین ہے۔ تاہم یہ دنیا عالمِ اسباب ہے۔ عالم پیری میں میری بہن حاجرہ فاطمہ۔ اہلیہ حمیدہ بیگم۔ میرے بیٹے سعید اقبال اور طاہر یٰسین۔ عزیزہ ثریا اختر۔ پیر محمد علی۔ عزیزہ بے بی عابدہ۔ عزیزہ روبینہ مخدومی ڈاکٹر اے ڈی۔ بھٹی۔ برادرِ عزیز صوفی محمد محی الدین نے جن خلوص سے میری خدمت اور اعانت کی ہے اس کے لئے میں تہہ دل سے ان سب کا شکر گزار ہوں۔ اللہ کریم جزائے خیر عطا فرمائے۔

اللہ کریم میری اِس سعیِ ناتمام کو شرفِ قبول بخشے۔

محمد عبدالحکیم عفی عنہ

۱۲ ربیع الاول ۱۴۰۶ھ

۲۶ نومبر ۱۹۸۵ء

Marfat.com

ایصالِ ثواب

اللہ کریم میری اس سعیٔ ناتمام کو شرفِ قبول بخشے اور اس کارِ خیر کا
ب میرے والد ماجد خادمِ اسلام مخدوم المسلمین مولانا محمد یٰسین۔ قاضی امام و
طیب ریاست فرید کوٹ کی روح کو عطا فرمائے۔ اللہ کریم مرحوم و مغفور
اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام سے نوازے۔ آپ نے اپنی زندگی تبلیغِ
سلام کے لئے وقف کر رکھی تھی۔

محمد عبدالحکیم عفی عنہ

غلطی ہائے مضامین پر

معذرت

بوجہ علالت اور نقاہت میں اس کتاب کے
مسودہ کی تصحیح نہیں کر سکا۔ معذرت خواہ ہوں۔
احباب براہِ کرم اغلاط سے مطلع فرمائیں تاکہ
دوسرے ایڈیشن میں اصلاح کر دی جائے۔

طالبِ دعا۔ محمد عبدالحکیم عفی عنہ

۲۶-۱۱-۸۵

Marfat.com

فاضل بریلوی
اور
امورِ بدعت

سنیہ محمد فاروق القادری

بدعات و منکرات کے خلاف امام احمد رضا بریلوی کے جہاد کا تحقیقی جائزہ، ابتدا میں مصنف کا فکر انگیز فاضلانہ مقدمہ۔ قیمت ۲۴/ روپے

تاریخِ نجد و حجاز

مفتی محمد عبدالقیوم قادری

• عظیم اسلامی سلطنت ترکی کا خاتمہ کیوں اور کیسے ہوا
• ابن عبدالوہاب نجدی اور لارنس آف عربیا کون تھے
• عرب قوم کا فتنہ اور اس کے محرکات ؟
• امریکہ، برطانیہ اور دیگر غیر مسلم دشمن طاقتوں نے ترکوں کے اقتدار کو ختم کرنے میں کیا کردار ادا کیا ؟
• یہ اور بہت سے تاریخی حقائق بے نقاب
• محققین، مورخین، علماء، طلباء کیلئے اس صدی کا عظیم تاریخی شاہکار۔ تاریخ نجد و حجاز قیمت ۔/۴۲

تذکرہ اکابر اہل سنت

ترتیب: محمد عبدالحکیم شرف قادری

خطۂ پاک سے تعلق رکھنے والے دو سو علماء و مشائخ کے مستند حالات اور قابل فخر علمی ادبی اور سیاسی کارنامے

النبراس

مع حاشیۃ الفطاس

للفاضل العلامۃ فخر المتکلمین عبدالعزیز الفرہاروی قدس سرہ

بہترین کاغذ فوٹو آفسیٹ طباعت

قیمت ۔/۹۲ روپے

شیر و شکر

اہلِ بیت اور صحابۂ کرام علیہم الرحمۃ والرضوان کے باہمی تعلق اور رشتہ داری کا تفصیل جائزہ اور ان کے تحقیقی شجرے

مورخِ گرامی حضرت پیر غلام دستگیر نامی علیہ الرحمۃ کے قلم کا شاہکار۔ آفسٹ طباعت اعلیٰ عمدہ سفید کاغذ۔ قیمت ۷/۵۰

الجوھر المنظم (عربی)

تصنیف: علامہ ابن حجر مکی قدس سرہ

روضۂ مبارکہ کی زیارت کے آداب و فضائل اور اہمیت و ضرورت کے موضوع پر جامع کتاب اور ابن تیمیہ کے روضۂ مقدسہ کے ارادے سے سفر کو ناجائز اور حرام قرار دینے پر محققانہ تنقید

قیمت ۔/۱۲ روپے

رضا پبلی کیشنز۔ مین بازار داتا دربار لاہور ★ مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

Marfat.com

○ قرآن پاک کا صحیح اور سب سے زیادہ مقبول ترجمہ
○ مسلک اہل سنت و جماعت اور سلف صالحین کا سچا ترجمان
○ بارگاہِ الوہیت کے تقدس اور احترامِ نبوت کا کما حقہٗ پاسدار
○ کوثر و تسنیم میں دُھلی ہُوئی زبان

کنزُ الایمان شریف

ترجمہ

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ العزیز

تفسیری حواشی

خزائن العرفان	نور العرفان
مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی قدس سرہٗ	مولانا مفتی احمد یار خان نعیمی قدس سرہٗ

قرآن پاک کا ترجمہ خریدتے وقت مترجم کا نام یاد رکھیے
مولانا احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ

تاج کمپنی، چاند کمپنی، قرآن کمپنی اور مکتبہ اسلامیہ، لاہور کے مطبوعہ انتہائی دیدہ زیب مترجم قرآن پاک مختلف سائزوں میں دستیاب ہیں

نوٹ: اس ترجمہ کے محاسن اور دیگر تراجم کے تقابلی مطالعہ کے لیے "محاسن کنزالایمان" ضرور پڑھیے، یہ کتاب ایک روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مرکزی مجلس رضا نوری مسجد ریلوے اسٹیشن لاہور سے حاصل کیجئے!

مکتبہ قادریہ جامعہ نظامیہ رضویہ
اندرون لوہاری دروازہ
لاہور ۵

P.U.P.—16,000—23-11-1985 Form 22

صحابہ و اہل بیت رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے فضائل و برکات
قرآن و حدیث اور ارشادات سلف کی روشنی میں

برکاتِ آلِ رسول

تصنیف: علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی
ترجمہ: مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری

بارگاہِ رسالت میں نامور شعرا کے استغاثوں کا
ایمان افروز مجموعہ

اغثنی یا رسول اللہ

صلی اللہ علیک وسلم

ترتیب: مولانا الحاج محمد منشا تابش قصوری
قیمت ۶۰۰

عقائد، تصوف اور بزرگانِ دین کے احوال و آثار

سبع سنابل

سید سادات بکرام مولینا عبدالواحد بلگرامی سجزاں
فارسی ایڈیشن: ۲۴/-
اردو " : ۳۹/-

بے مثال خواص کی بنا پر دنیا کی تمام زبانوں پر
عربی زبان کی فوقیت پر منفرد کتاب

المبین

مرتبہ سید سلیمان اشرف بہاری
قیمت ...

العقد النامی

علامہ حمی کینی پیلا الرحمۃ
قیمت ۶۵/- روپے

• تاولی قوم کے غیور مسلمانوں کا تذکرہ
• سید احمد بریلوی کی تحریک کا مستند محاسبہ

ہر سال یہ مفرد ہے

تاریخِ تناولیاں

جناب سید زاد علی بیگ جی
سنی دعوت اسلامی

اسلامی قانون کے ماہرین اساتذہ اور طلبہ کیلئے ایک مفید کتاب

معہ لغت مع اضافات جدید

فقہ اسلامی

مولانا عبدالعادل جونپوری

فضل حق خیرآبادی اور اسماعیل دہلوی کے سیاسی
کردار کا تقابلی جائزہ

امتیازِ حق

جسے تاریخ کے پروفیسروں اور دانشوروں نے زبردست خراجِ تحسین پیش کیا
تصنیف: جناب پیر غلام محمد صاحب ادارہ ابطال باطل لاہور
قیمت ۵۰/-

مکتبہ اشرفیہ مبارک پور

Marfat.com

اسلامی نصاب حصّہ دوم

محمد عبدالحکیم قاضی۔ ایم۔ اے

المکتبہ ۲۸ صدیق سٹریٹ
چیدر روڈ، اسلام پورہ۔ لاہور

Marfat.com